کفار سے مسجد یا دینی امور کے لیے چندہ لینا کیسا؟

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا غیرمسلم سے مسجدیا کسی دینی کام کے لیے چندہ لے سکتے ہیں ؟

سائل:عادل فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

کفار سے دینی کاموں یا مسجد کے لیے چندہ لیناممنو ع ہے۔ جیسا کہ میرے آقا اعلیٰ حضرت،اِمامِ اَہلسنّت،مولیٰناشاہ امام اَحمد رَضا خان علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن فرماتے ہیں:کسی دینی کام کے لئے کُفّار سے چندہ لینا اول تو خود ہی ممنوع اور سخت معیوب ہے۔ رسولُ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم فرماتے ہیں: "انا لانستعین بمشرک" ہم کسی مشرک سے مدد نہیں لیتے ۔

(سُنَنُ اَ بِی دَاو،د ج3ص100حدیث 2732 ، فتاوٰی رضویہ ج14 ص 566)

ردالمحتار میں ہے: "لانھا قربۃ ولاینبغی ان یستعان بالکافر فی امور الدین" کیونکہ یہ عبادت ہے اور دینی امور میں کافر سے مدد لینا مناسب نہیں۔

(ردالمحتار کتاب الاضحیۃ داراحیاء التراث العربی بیروت ج5 ص208)

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

QUESTION:

What do the scholars and muftis of the mighty Shari’ah say regarding the following matter, is it permissible to take/request funds from a non-Muslim for a Masjid or other religious works?

Questioner: ‘Ādil from UK

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

It is forbidden to take funds from a non-Muslim for religious works or a masjid. Just as A’alā Hazrat Imām Ahmad Razā Khān (may Allāh envelope in mercy) states:

To collect money from non-Muslims to use for religious works is firstly forbidden in and of itself and is also defective; the Messenger of Allāh (upon him be peace and blessings) said, ‘we do not seek aid from a polytheist’.

[Sunan Abī Dāwūd, Volume 3, pg. 100, Hadīth 2732. Fatāwā Razawiyyah, Volume 14, pg. 566]

It is mentioned in Radd al-Muhtār:

‘Because this is worship, and to seek assistance from a non-Muslim in religious matters is not appropriate’

[Radd al-Muhtār, Kitāb al-Adhiyah, Dār Ihyā al-Turāth al-‘Arabī Beirūt, Volume 5, pg. 208]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri
Translated by Zameer Ahmed